**17.08.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

..........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے متوازن اور جامع ترقی کی خاطر گلوبل ساؤتھ کے ساجھیدار ملکوں کی معاونت کیلئے ایک جامع عالمی ترقیاتی سمجھوتے کی تجویز پیش کی ہے۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اقوام متحدہ کی اصلاحات کی ضرورت دوہرائی ہے۔

☆ کولکاتا میں آبروریزی اور قتل کیس کے معاملے پر ڈاکٹروں کے احتجاج کی وجہ سے پورے ملک میں طبی خدمات متاثر ہیں۔ مرکزی وزارت صحت نے ہڑتالی ڈاکٹروں پر زور دیا ہے کہ وہ کام پر واپس آجائیں۔ ساتھ ہی اُن کی سلامتی کیلئے ہر ممکن اقدامات کا یقین دلایا ہے۔

☆ وزیرصحت جے پی نڈا نے ملک میں M-Pox کی صورتحال اور تیاریوں کا جائزہ لیا اور کہا کہ ملک میں اب تک اِس بیماری کا کوئی معاملہ سامنے نہیں آیا ہے۔

☆ بھارت کے طلباء نے چین کے شہر بیجنگ میں ارضیاتی سائنس کے اولمپیاڈ میں سونے کے 3 تمغوں سمیت آٹھ تمغے جیتے ہیں۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *PM Global South*

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت کی طرف سے ایک جامع عالمی ترقیاتی سمجھوتے کی تجویز پیش کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس سمجھوتے کی بنیاد، بھارت کے ترقی کے سفر اور ترقیاتی ساجھیداری کے تجربے پر ہوگی۔ وزیر اعظم نے آج عالمی خطہٗ جنوب کے ترقی پذیر اور کم ترقی یافتہ ملکوں کی تیسری سربراہ کانفرنس کے اختتام پر اظہار خیال کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ جناب مودی نے کہا کہ آج کے تبادلۂ خیال سے مل کر آگے بڑھنے کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ انھوں نے یہ اعتماد ظاہر کیا کہ اِس تبادلۂ خیال سے اُن مقاصد کو حاصل کرنے کی کوششوں کو تقویت ملے گی، جو گلوبل ساؤتھ کے ملکوں نے طے کیے ہیں۔

2100- PM - Voice

اِس سے پہلے سربراہ کانفرنس کے آغاز پر وزیر اعظم نے گلوبل ساؤتھ کے ملکوں سے زور دے کر کہا کہ وہ متحدہ ہوکر ایک آواز میں ایک دوسرے کی طاقت بنیں۔ جناب مودی نے غیر یقینی کی کیفیت اور موجودہ چیلنجوں کے حالات کے تعلق سے تشویش کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ اگرچہ دنیا کے ممالک کووڈ۔19 عالمی وبا کے اثرات سے ابھی تک پوری طرح باہر نہیں نکلے ہیں، اِس کے ساتھ ساتھ ٹکراؤ اور محاذ آرائی کی صورتحال کی وجہ سے گلوبل ساؤتھ کے ملکوں کے ترقی کے سفر کیلئے بڑے چیلنج پیدا ہوگئے ہیں۔ جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ اِن ملکوں کو صحت سے متعلق سہولیات، خوراک کی یقینی فراہمی اور توانائی کی یقینی فراہمی کے ساتھ ساتھ آب و ہوا کی تبدیلی کے چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

2100- PM Modi DPI

## Rev. EAM-Globalw South

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت کی میزبانی میں ورچوئل وسیلے سے منعقد کی گئی عالمی گلوبل ساؤتھ کی آواز سے متعلق تیسری سربراہ کانفرنس میں خوراک، صحت اور توانائی کی یقینی فراہمی سمیت مختلف اہم معاملات پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ سربراہ کانفرنس کے اختتام کے بعد میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے اقوام متحدہ میں اصلاحات کی ضرورت کو دوہرایا۔ انھوں نے مزید کہا کہ دیگر معاملات میں وسائل، اُن تک رسائی اور روزگار اور معاشی نابرابری سے متعلق تشویش جیسے چیلنج شامل ہیں۔ انھوں نے کہا کہ یہ وہ مشترکہ مسائل ہیں جنہیں سربراہ کانفرنس میں کئی رہنماؤں نے اٹھایا۔ ڈاکٹر جےَ شنکر نے اِس بات کا ذکر کیا کہ کئی رہنماؤں نے دیگر معاملات سمیت، موسم کی شدید صورتحال، اخراج سے متعلق چیلنج اور قرضوں کے بوجھ کے حوالے سے بھی بات کی۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جےَ شنکر نے گلوبل ساؤتھ کے ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ ملکر ایک کنبے کی طرح کام کریں تاکہ کم لاگت پر سرمایے اور اہم ٹیکنالوجی کی دستیابی میں سہولت پیدا ہوسکے۔ آج عالمی خطۂ جنوب کے کم ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ملکوں کی آواز سے متعلق تیسری سربراہ کانفرنس میں وزراء خارجہ کے پہلے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جےَ شنکر نے کہا کہ گلوبل ساؤتھ کے ممالک خاص طور سے کئی طرح کے تنازعات اور کشیدگی سے متاثر ہیں۔ اور دنیا اس سب سے نمٹ رہی ہے۔ انھوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ اِس تبادلۂ خیال کا مقصد، اِس کے ذریعے اپنے مفادات کی وضاحت کرنا ہے۔ بات چیت کیلئے چار موضوعات پیش کرتے ہوئے جناب جےَ شنکر نے کہا کہ عالمی معیشت کو خطرے سے باہر رکھنے کیلئے مختلف شعبوں میں پیداوار کو بڑھانے کی شدید ضرورت ہے۔x

## Finance Global South

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج کہا ہے کہ بھارت اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے عہد بستہ ہے کہ گلوبل ساؤتھ، عالمی ترقی پر مبنی حکمرانی میں ایک اہم کردار ادا کرے گی۔ عالمی خطۂ جنوب کے کم ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک کی آواز سے متعلق سربراہ کانفرنس میں وزراء خزانہ کے اپنے خطاب میں محترمہ سیتارمن نے زیادہ سے زیادہ

اجتماعی کوششوں کی خاطر شرکاء سے اپنی کوششیں تیز کرنے کو کہا۔ انھوں نے ترقی پذیر معیشتوں کو اپنے مقاصد حاصل کرنے میں درپیش چیلنج کی جانب بھی توجہ مبذول کرائی۔x

## Iraq Global South Summit

عراق نے عالمی خطۂ جنوب کے کم ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ملکوں کی آواز سے متعلق تیسری سربراہ کانفرنس کی میزبانی کیلئے بھارت سرکار کی دِلی ستائش کی ہے۔ عراق کے نائب وزیر اعظم اور خارجی امور کے وزیر فواد حسین نے ایک پائیدار مستقبل کیلئے گلوبل ساؤتھ کو بااختیار بنانے کے موضوع پر منعقدہ اِس سربراہ میٹنگ میں آج ورچوئل وسیلے سے شرکت کی۔ انھوں نے اِس بات پر زور دیا کہ عراق گلوبل ساؤتھ کا ایک اٹوٹ حصہ ہے اور وہ سب کیلئے ایک پائیدار اور خوشحال مستقبل کی خاطر مشترکہ نظریے کے سلسلے میں پختہ عزم رکھتا ہے۔ سربراہ کانفرنس میں جناب حسین نے آب وہوا کی تبدیلی، توانائی کی یقینی فراہمی اور پائیدار ترقی جیسے اہم معاملات پر توجہ دینے کیلئے ترقی یافتہ ملکوں کے ساتھ اجتماعی کارروائی کی اہمیت اجاگر کی۔x

## AP Vice President Visit

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے صنعت، تجارت اور کامرس کے شعبوں پر اندرون ملک سامان تیار کرنے کو ترجیح دینے پر زور دیتے ہوئے ملک کے لوگوں سے کہا ہے کہ وہ اقتصادی قومی پرستی اختیار کریں۔ وہ آج آندھرا پردیش کے نیلّور میں ایک تقریب میں اظہار خیال کر رہے تھے۔

اِس موقع پر موجود لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے جناب دھنکھڑ نے سودیشی کی پہچان کے طور پر اقتصادی قوم پرستی کے نظریے پر زور دیا اور عوام سے ''ووکل فار لوکل'' اپنانے کو کہا۔ انھوں نے معیشت پر غیر ضروری درآمدات کے منفی اثرات کو اجاگر کیا، جن میں غیر ملکی زرِ مبادلہ کا کم ہونا اور مقامی کارکنوں کیلئے ملازمت کے مواقع کم ہونا شامل ہے۔ جناب دھنکھڑ نے صنعتوں سے اپیل کی کہ وہ اندرون ملک سامان تیار کیے جانے اور اپنے کاروبار کو فروغ دینے کیلئے مدد کرکے اِس معاملے کا حل نکالیں۔ x

## Doctors Strike

کولکاتا میں R.G. Kar میڈیکل کالج اسپتال میں ایک خاتون ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل کے معاملے پر پورے ملک میں ڈاکٹروں کے مختلف فورموں اور انجمنوں کے احتجاج اور مظاہروں کا سلسلہ جاری ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ مختلف شہروں میں صرف ایمرجنسی خدمات کام کر رہی ہیں۔

انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن نے کل 24 گھنٹے کی ہڑتال کا نعرہ دیا تھا۔

مغربی بنگال میں مرکزی جانچ بیورو CBI کی ٹیم، کولکاتا میں میڈیکل کالج کے پرنسپل ڈاکٹر سندیپ گھوش سے پوچھ تاچھ کر رہی ہے۔ ایجنسی کی ایک ٹیم اسپتال میں تحقیقات کر رہی ہے، جبکہ ایک اور ٹیم گرفتار کیے گئے ملزم سنجے رائے کے ٹھکانے پر ہے۔

تمل ناڈو میں بھی پرائیویٹ اسپتالوں میں آج OPD خدمات اور ایسے آپریشن منسوخ کر دیئے گئے، جن کیلئے تاریخ پہلے سے دی گئی تھی۔ کولکاتا میں ہلاک کی گئی خاتون ڈاکٹر کیلئے انصاف کا مطالبہ کرتے ہوئے ہڑتالی ڈاکٹروں کے ساتھ یگانگت کے اظہار کیلئے یہ قدم اٹھایا گیا ہے۔ تمل ناڈو سرکار کی ڈاکٹرس ایسوسی ایشن بھی اُن کے ساتھ شامل ہوگئی ہے۔

اُدھر مہاراشٹر میں پوری ریاست میں ڈاکٹروں کی انجمنیں ہڑتال میں شامل ہوگئی ہیں، جس سے کئی جنرل اسپتالوں میں مریضوں سے متعلق خدمات کو معطل کرنا پڑا ہے۔

دلّی میں رام منوہر لوہیا اسپتال اور لیڈی ہارڈنگ میڈیکل کالج اسپتال کے ڈاکٹر بھی احتجاج کر رہے ہیں۔ دلّی کے آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز، ایمس کے فیکلٹی ارکان بھی ہڑتال میں شامل ہوگئے ہیں۔

بہار میں ڈاکٹروں کے احتجاج کی وجہ سے پرائیویٹ اسپتالوں کے ساتھ ساتھ سرکاری اسپتالوں میں بھی میڈیکل خدمات متاثر ہوئی ہیں۔

اِدھر مرکزی وزارت صحت نے احتجاج کرنے والے ڈاکٹروں کو یقین دلایا ہے کہ اُن کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ ساتھ ہی اُن پر زور دیا ہے کہ وہ عوام کے وسیع تر مفاد میں اپنے کام پر واپس آجائیں۔

صحت کی وزارت نے بتایا ہے کہ ایک کمیٹی بنائے گی، جو حفظانِ صحت شعبے کے پیشہ ور افراد کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات تجویز کرے گی۔ ریاستی سرکاروں سمیت سبھی متعلقہ فریقوں کے نمائندوں کو مدعو کیا جائے گا کہ وہ مذکورہ کمیٹی کو اپنی تجویزیں پیش کریں۔ x

## IMA PM

انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن IMA نے RG Kar میڈیکل کالج معاملے میں وزیر اعظم نریندر مودی کو ایک خط لکھا ہے جس میں ڈاکٹروں کی سکیورٹی اور اِس معاملے میں جلد سے جلد انصاف کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ انجمن نے اپنے خط میں یہ مطالبہ بھی کیا کہ سبھی اسپتالوں کی سکیورٹی کا پروٹوکول ہوائی اڈّوں کی طرح ہونا چاہئے۔ اس نے متاثرہ کے کنبے کو مناسب معاوضہ دیئے جانے کی بھی مانگ کی ہے۔x

## Health Monkeypox

مرکزی وزارت صحت نے کہا ہے کہ ملک میں اب تک Monkeypox کے کسی معاملے کی کوئی اطلاع نہیں ملی ہے۔ عالمی صحت تنظیم ڈبلیو ایچ او، اِس بیماری کو صحت عامہ کیلئے بین الاقوامی تشویش کی حامل ایمرجنسی قرار دے چکی ہے۔ اِس کے مدنظر مرکزی وزیرصحت جے پی نڈا نے آج نئی دلّی میں ایک میٹنگ کے دوران Monkeypox کے تعلق سے صورتحال اور تیاریوں کا جائزہ لیا۔

جائزہ میٹنگ کے دوران یہ فیصلہ کیا گیا کہ اِس بیماری کی روک تھام اور اِسے پھیلنے سے روکنے کیلئے احتیاطی اقدامات کیے جائیں گے۔

اِن اقدامات میں سبھی ہوائی اڈوں، بندرگاہوں اور زمینی کراسنگ راستوں پر صحت سے متعلق مراکز کو سرگرم بنانا، جانچ کیلئے تجربے گاہوں کو تیار کرنا اور اِس بیماری کے کسی بھی طرح کے کیس کا پتہ لگانے، الگ تھلگ کرنے اور اس کے علاج معالجے کیلئے صحت مراکز تیار کرنا شامل ہیں۔

وزارت صحت نے بتایا ہے کہ اِس سے قبل صحت خدمات کے ڈائریکٹر جنرل کی صدارت میں مشترکہ نگرانی گروپ کی میٹنگ میں صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ اِس میں متعلقہ شعبوں کے ماہرین بھی شامل تھے۔ وزارت صحت نے کہا ہے کہ سردست ملک میں اِس بیماری کے بڑے پیانے پر پھیلنے کا خطرہ بہت کم ہے، پھر بھی وزارت صحت صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔ x

## BJP Office Bearers Meet

BJP کے قومی عہدیداروں کی میٹنگ آج نئی دلّی میں ہوئی، جس میں پارٹی کی رکنیت کی مہم کے معاملے پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ پارٹی کے صدر جے پی نڈا نے اِس میٹنگ کی صدارت کی۔ مرکزی وزیر اور BJP کے سرکردہ لیڈر امت شاہ اور پارٹی کے دیگر سرکردہ رہنماؤں نے بھی میٹنگ میں شرکت کی۔

میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے BJP کے ترجمان سمبت پاترا نے کہا کہ پارٹی، اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے اپنی رکنیت کی مہم کا آغاز کرے گی۔ جناب پاترا نے کہا کہ اِس مہم کا مقصد 10 کروڑ سے زیادہ افراد کو پارٹی کے ممبر کے طور پر شامل کرنا ہے۔ انھوں نے کہا کہ جن ریاستوں میں انتخابات کا اعلان کر دیا گیا ہے، وہاں اسمبلی چناؤ ختم ہونے کے بعد رکنیت کی مہم شروع کی جائے گی۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ مذکورہ مہم کا مقصد پارٹی کی بنیاد کو وسعت دینا اور اُس کے نظریے کی تشہیر کرنا ہے۔

S/B: 2045- Sambit Patra

## Rajnath Visit

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کل چنئی کے اپنے دورے میں بھارتی کوسٹ گارڈ کے جدید طرز کے نئے بحری امدادی تال میل مرکز کا افتتاح کریں گے۔ وہ چنئی میں Marine Pollution Response سینٹر اور پدوچیری میں کوسٹ گارڈ Air Enclave کا افتتاح بھی کریں گے۔

یہ Pollution سینٹر چنئی کی بندرگاہ پر واقع ہے اور یہ بحری خطے میں آلودگی سے نمٹنے کے شعبے میں ایک اہم قدم کی عکاسی کرتا ہے۔ یہ مرکز پانی میں کثافت کے واقعات، خاص طور پر ساحلی ریاستوں سے متصل بحری علاقے میں تیل اور کیمیکل وغیرہ کے رساؤ کی صورت میں تال میل کے ساتھ اقدامات کرنے میں اہم رول ادا کرے گا۔ x

## Lebanon Israel

جنوبی لبنان کے Nabatieh ضلعے میں آج صبح سویرے ایک رہائشی عمارت پر اسرائیل کے فضائی حملے میں 10 افراد کے مارے جانے کی اطلاع ملی ہے۔

لبنان میں فوجی ذرائع نے بتایا ہے کہ اِس حملے میں جو مکان تہس نہس ہوگیا ہے، اُس کا ملبہ ہٹانے کیلئے کئی ٹیمیں اب بھی کام کر رہی ہیں۔ سول ڈیفنس اور صحت سے متعلق اتھارٹی کے اہلکار بلڈوزر اور cranes کی مدد سے ملبہ ہٹانے میں لگے ہوئے ہیں۔

پچھلے سال 7 اکتوبر کو اسرائیل پر حماس کے حملے کے ساتھ یگانگت کے اظہار کے طور پر لبنان کے مسلح گروپ حزب اللہ نے اسرائیل پر کئی راکٹ داغے تھے۔ اِس تناظر میں 8 اکتوبر کو لبنان- اسرائیل سرحد پر کشیدگی بڑھ گئی تھی۔

اِس کے بعد اسرائیل نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے جنوب مشرقی لبنان پر بھاری توپخانے سے فائرنگ کی تھی۔ گزشتہ مہینے بیروت کے جنوبی مضافات میں اسرائیل کے حملے کے بعد حالات اور بگڑ گئے تھے۔ اِس حملے میں حزب اللہ کا ایک سینئر ملٹری کمانڈر فواد شکر اور 7 دیگر افراد مارے گئے تھے۔ x

## Earth Scienced Olympiad

چین کے بیجنگ میں منعقدہ سترھویں بین الاقوامی ارضیاتی سائنس اولمپیاڈ میں بھارتی طلبا کی ایک ٹیم نے سونے کے 3، چاندی کے 2 اور کانسے کے 3 تمغے جیتے۔

یہ مقابلہ 8 سے 16 اگست کے دوران منعقد ہوا۔ گجرات، کیرالہ، چھتیس گڑھ اور راجستھان سے 4 ارکین پر مشتمل بھارتی طلبا کی اس ٹیم نے Earth System Project اور International Team Field Investigation کے 3 مختلف زمروں میں یہ تمغے جیتے۔ ارضیاتی سائنس کے وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے بھارتی ٹیم کو مبارکباد پیش کی اور ملک کے تعلیمی وقار کو دوبالا کرنے کیلئے ان کی ستائش کی۔ بین الاقوامی ارضیاتی سائنس اولمپیاڈ طلبا پر مرکوز پروگرام ہے جو ارضیاتی سائنس کی وزارت کی REACHOUT اسکیم کے تحت منعقد کیا جاتا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆